حکومتِ پاکستان

# اپریل

# ۲۰۲۶

# ہفتہ وار موسم کی صورتحال





## ہفتہ ۱

## ۱-۷ اپریل


قومی خشک سالی کی نگرانی اور ابتدائی انتباہی مرکز

محکمہ موسمیات، پطرس بخاری روڈ، پوسٹ باکس نمبر۔۱۲۱۴، سیکٹر ایچ ۸\۲


اسلام آباد، پاکستان

# حکومت پاکستان
# محکمہ موسمیات
## قومی خشک سالی کی نگرانی اور ابتدائی انتباہی مرکز
## هفتہ وار موسم کی صورتحال


فون:9250598 -051
فیکس:9250368 -051

8اپریل۲۰۲۶

اپریل2026 کے پہلے ہفتے(01-07اپریل) کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں وسیع پیمانے پر بارش ریکارڈ کی گئی۔ تصویر 1 میں بارش کی جغرافیائی تقسیم ظاہر کی گئی ہے، ہے کہ زیادہ بارش ملک کے بالائی اور شمال مغربی حصوں میں ہوئی، خاص طور پر خیبر پختونخوا اور ملحقہ شمالی پنجاب میں، جہاں بعض مقامات پر بارش کی مقدار تقریباً80 سے 160 ملی میٹر تک ریکارڈ کی گئی۔ خیبر پختونخوا کے وسطی علاقوں، شمالی پنجاب اور گلگت بلتستان کے کچھ حصوں میں (30-80 ملی میٹر) بارش دیکھی گئی۔ ہلکی سے درمیانی بارش (10-40 ملی میٹر) وسطی پنجاب اور شمال مشرقی بلوچستان میں ریکارڈ کی گئی۔ دوسری جانب سندھ کے بیشتر علاقوں اور جنوبی بلوچستان میں بارش کی مقدار عمومی طور پر 0 سے 10 ملی میٹر کے درمیان رہی۔ تصویر 2 میں یکم سے 7 اپریل 2026 کے دوران بارش کا معمول (1991-2020) سے انحراف ظاہر کرتا ہے کہ ملک کے بیشتر علاقوں میں معمول سے زیادہ بارش ہوئی۔ سب سے زیادہ مثبت انحراف خیبر پختونخوا اور وسطی پنجاب میں دیکھا گیا۔ اس کے برعکس، گلگت بلتستان میں معمول سے کم بارش ریکارڈ کی گئی۔





تصویر-۱: بارش کی مقامی تقسیم





تصویر-۲: بارش کا معمول سے انحراف

تصویر 3 میں 1 سے 7 اپریل ۲۰۲۶ کے دوران پاکستان بھر میں اوسط درجہ حرارت کی جغرافیائی تقسیم دکھائی گئی ہے، جس کے مطابق درجہ حرارت تقریباً 7°C سے 31 °C کے درمیان ریکارڈ کیا گیا۔ سب سے کم درجہ حرارت 7 ڈگری سینٹی گریڈ سے 15 ڈگری سینٹی گریڈ گلگت بلتستان، آزاد کشمیر اور بالائی خیبر پختونخوا میں ریکارڈ کیا گیا۔ جبکہ خیبر بختونخوا کے وسطی اور شمالی علاقوں اور شمالی پنجاب، بلوچستان کے چند علاقوں میں درجہ حرارت 16 سے 22 ڈگری سینٹی گریڈ رہا۔ جبکہ 22 سے 26 ڈگری سینٹی گریڈ درجہ حرارت وسطی اور جنوبی پنجاب کے بیشتر علاقوں اور شمال مشرقی بلوچستان میں دیکھا گیا۔ نسبتاً زیادہ درجہ حرارت 26 سے 31 ڈگری سینٹی گریڈ سندھ کے زیادہ تر علاقوں اور جنوبی و ساحلی بلوچستان میں ریکارڈ کیا گیا. تصویر ۴ میں ہفتہ وار اوسط درجہ حرارت کا موسمیاتی اوسط (۱۹۹۱-۲۰۲۰) سے انحراف پیش کیا گیا ہے۔ اس ہفتے کے دوران ملک کے بیشتر حصوں میں اوسط درجہ حرارت معمول سے کم رہا۔ پنجاب، خیبر پختونخوا، سندھ اور بلوچستان کے زیادہ تر علاقوں میں درجہ حرارت منفی 1 ڈگری سینٹی گریڈ سے منفی 5 ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہا۔ جبکہ وسطی اور شمال مشرقی بلوچستان کے بعض حصوں میں درجہ حرارت منفی 6 سے منفی 8 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ تاہم گلگت بلتستان، آزاد جموں وکشمیر اور ملحقہ شمالی علاقوں میں درجہ حرارت 0 سے 3 ڈگری سینٹی گریڈ رہا۔ جبکہ جنوب مشرقی پنجاب درجہ حرارت 2 سے 4 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔





تصویر-۳:اوسط درجہ حرارت کی مقامی تقسیم





تصویر-۴:اوسط درجہ حرارت کا معمول سے انحراف

تصویر 5 میں 1991-2020 کے دورانیے پر مبنی اپریل کے پہلے ہفتے (1 سے 7 اپریل) کے دوران بارش کی موسمیاتی اوسط جغرافیائی تقسیم کو ظاہر کیا گیا ہے۔ اس ہفتے کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں 10 سے 50 ملی میٹر تک بارش ریکارڈ کی جاتی ہے۔ تاہم کشمیر اور بالائی خیبر پختونخوا میں بارش کی مقدار 30 سے 50 ملی میٹر کے درمیان رہتی ہے۔ تصویر ۶ میں اپریل کے پہلے ہفتے کے لیے اوسط درجہ حرارت کی موسمیاتی معمول کی جغرافیائی تقسیم (۱۹۹۱-۲۰۲۰) دکھائی گئی ہے۔ گلگت بلتستان اور آزاد جموں و کشمیر میں معمول کا اوسط درجہ حرارت تقریباً 7 سے 16 سینٹی ڈگری گریڈ کے درمیان رہتا ہے۔ جبکہ بالائی خیبر پختونخوا اور شمالی پنجاب میں درجہ حرارت عموماً 14 سے 22 سینٹی ڈگری گریڈ کے درمیان ہوتا ہے، وسطی و جنوبی پنجاب کے ساتھ خیبر پختونخوا کے بعض حصوں اور شمال مشرقی بلوچستان میں معمول کا اوسط درجہ حرارت 20 سے 26 سینٹی ڈگری گریڈ کے درمیان ہوتا ہے۔ دوسری جانب، نسبتاً زیادہ درجہ حرارت 26 سے 31 سینٹی ڈگری گریڈ سندھ کے زیادہ تر علاقوں اور جنوبی و ساحلی بلوچستان میں پایا جاتا ہے۔





تصویر-۵: بارش کے معمول کی مقامی تقسیم




تصویر-۶:اوسط درجہ حرارت کے معمول کی مقامی تقسیم

تصویر ۷ زمینی پانی کے ذخیرہ کے انحرافات کو ظاہر کرتی ہے، جو ناسا کے GRACE-FO سیٹلائٹ مشاہدات سے حاصل کیے گئے ہیں، اور ۳۱ مارچ سے ۶ اپریل ۲۰۲۶ کے دوران پاکستان بھر میں مٹی کی نمی کی صورتحال کو پیش کرتی ہے، جس کا موازنہ طویل مدتی اوسط (۱۹۴۸ تا ۲۰۱۲) کے ساتھ کیا گیا ہے۔ خشک سالی کی کیفیت کو تاریخی موسمیاتی ریکارڈ کی بنیاد پر پرسنٹائل (Percentile) درجہ بندی میں ظاہر کیا گیا ہے، جہاں کم پرسنٹائل (نارنجی تا سرخ رنگ) معمول سے خشک حالات، جبکہ زیادہ پرسنٹائل (سبز تا نیلا رنگ) معمول سے زیادہ نمی کی نشاندہی کرتے ہیں۔ ملک کے جنوب مغربی بلوچستان اور سندھ کے جنوبی حصوں میں نمی کی سطح معمول سے زیادہ رہی، جو پانی کی مناسب دستیابی کو ظاہر کرتی ہے۔ اس کے برعکس گلگت بلتستان، کشمیر، بالائی خیبر پختونخوا کے حصوں میں نمی کی صورتحال معمول سے نمایاں طور پر کم رہی۔ بلوچستان کے وسطی و بالائی حصوں، جنوبی پنجاب کے چند علاقوں اور شمالی سندھ میں نمی کی سطح مجموعی طور پر معمول کے قریب رہی۔




تصویر-۷: زمین کی سطح پر نمی کی مقدار

## 8 سے 14 اپریل کے دوران موسم کی پیشنگوئی

بالائی خیبر پختونخوا، بالائی پنجاب، اسلام آباد، کشمیر اور گلگت بلتستان میں مزید بارش، آندھی اور گرج چمک (کہیں کہیں تیز بارش اور ژالہ باری کے ساتھ) متوقع ہے، جبکہ ملک کے دیگر حصوں میں زیادہ تر موسم خشک رہے گا۔ 9 سے 14 اپریل کے دوران بیشتر علاقوں میں عمومی طور پر خشک موسم رہے گا، تاہم بالائی خیبر پختونخوا، شمال مشرقی پنجاب بشمول پوٹھوہار ریجن، گلگت بلتستان اور کشمیر میں کہیں کہیں وقفے وقفے سے بارش، آندھی اور گرج چمک کا امکان ہے۔

GOVERNMENT OF PAKISTAN

April

2026

# WEEKLY WEATHER UPDATE



# WEEK-1

## 1st- 7th April




**National Drought Monitoring and Early Warning Centre**

PMD, Pitras Bokhari Road, Post Box No. 1214, Sector H-8/2,
Islamabad, Pakistan

URL: https://ndmc.pmd.gov.pk/new/

GOVERNMENT OF PAKISTAN
PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
(National Drought Monitoring Centre)
Islamabad

Tel: 051-9250598
Fax: 051-9250368

Dated: 8th April, 2026

# Weekly Weather Update

During the 1st week of April 2026 (01-07 April), widespread rainfall was recorded most regions of the country. Figure 1 shows the spatial distribution of rainfall indicates that significant rainfall was mainly concentrated over upper and northwestern parts of the country, particularly in Khyber Pakhtunkhwa and adjoining northern Punjab, where rainfall amounts reached up to about 80–160 mm in some localized areas. Moderate rainfall (30-80 mm) was observed over central parts of Khyber Pakhtunkhwa, northern Punjab, and parts of Gilgit-Baltistan. Light to moderate rainfall (10-40 mm) extended into central Punjab and northeastern Balochistan. Meanwhile, most parts of Sindh and southern Balochistan received little to no rainfall, generally ranging from 0 to 10 mm. Figure 2 shows the departure of weekly rainfall from the normal (1991- 2020), indicate that the most parts of country experienced above-normal rainfall. The highest positive departures were observed over Khyber Pakhtunkhwa and central Punjab. In contrast, Gilgit-Baltistan recorded slightly below-normal rainfall.





*Figure 1: Spatial Distribution of Rainfall (mm)*





*Figure 2: Departure of Rainfall (mm)*

Figure 3 illustrates the spatial distribution of mean temperature across Pakistan during the period 1 to 7 April 2026, where temperatures were recorded between 7 to 27°C. The lowest mean temperatures (around 7°C to 15°C) were recorded over most parts of Gilgit-Baltistan, Azad Jammu & Kashmir, and upper Khyber Pakhtunkhwa. Moderate temperatures, ranging between 16°C and 24°C, prevailed across central and northern parts of Khyber Pakhtunkhwa, northern Punjab, and parts of Balochistan Relatively higher temperatures, ranging from 24°C to 27°C, dominated most parts of Sindh and the southern and coastal regions of Balochistan.

Figure 4 presents the departure of weekly mean temperature from the climatological average (1991–2020). During this week, mean temperatures in most parts of the country remained below normal. Negative temperature departures, ranging from -1°C to -5°C, were observed across most areas of Punjab, Khyber Pakhtunkhwa, Sindh, and Balochistan. More pronounced negative anomalies, reaching up to -6°C to -8°C, were recorded over parts of central and northeastern Balochistan**.** However, near-normal to slightly above-normal temperatures (0°C to +3°C) were observed over parts of Gilgit-Baltistan, Azad Jammu & Kashmir, and adjoining northern areas.




*Figure 3: Spatial Distribution of Mean Temperature (°C)*




*Figure 4: Departure of Mean Temperature (°C)*

Figure 5 illustrates the climatological mean spatial distribution of rainfall for the 1st week (01-07 April), based on the 1991-2020 reference period. During this week, most parts of the country received rainfall amounts ranging from 10 to 50 mm. However, Kashmir and Upper Khyber Pakhtunkhwa received rainfall amounts ranging from 30 to 50 mm.

Figure 6 shows the climatological normal spatial distribution of mean temperature for the 1$^{st}$ week of April (1991-2020). Gilgit-Baltistan and Azad Jammu & Kashmir, the normal mean temperature ranges approximately from 7°C to 16°C, while in upper Khyber Pakhtunkhwa and northern Punjab, temperatures generally range between 14°C and 22°C Further south, over central and southern Punjab as well as parts of Khyber Pakhtunkhwa and northeastern Balochistan the temperature range from 20°C to 26°C. Meanwhile, relatively higher temperatures, ranging from 26°C to 31°C, prevail over most parts of Sindh and the southern and coastal regions of Balochistan.





*Figure 5: Spatial Distribution of normal rainfall (mm)*





*Figure 6: Spatial Distribution of mean temperature*

Figure 7 illustrates anomalies in terrestrial water storage derived from NASA's GRACE-FO satellite observations, representing soil moisture conditions across Pakistan during 31 March to 6 April 2026, relative to the long-term average (1948–2012). Drought conditions are expressed in percentile ranks based on historical climate records, where lower percentiles (orange to red shades) indicate drier-than-normal conditions and higher percentiles (green to blue shades) represent wetter-than-normal conditions.

Above-normal moisture levels were observed in the southwestern Balochistan and the southern parts Sindh, suggesting adequate water availability. In contrast, significantly below-normal moisture conditions prevailed over Gilgit-Baltistan, Kashmir, and northern Khyber Pakhtunkhwa.





*Figure 7: Surface Soil Moisture (Percentile)*

## Forecast for 8th to 14th April, 2026

More rain-wind/thunderstorms (with isolated heavy falls/hailstorms) are expected in upper Khyber Pakhtunkhwa, upper Punjab, Islamabad, Kashmir, and Gilgit Baltistan, while the rest of the country will remain mostly dry. From 09 to 14 April 2026, most areas will experience mainly dry weather; however, occasional rain-wind/thunderstorms are expected at isolated places, particularly in upper Khyber Pakhtunkhwa, northeast Punjab including the Pothohar region, Gilgit Baltistan, and Kashmir.

For drought update, visit NDMC official website:
https://ndmc.pmd.gov.pk/new/bulletins.php